15/02/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنئے

نائب صدر جمہوریہ

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج جموں کے ایک روزہ دورے پر آ رہے ہیں جہاں وہ شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کے 10ویں Convocation میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کر یں گے۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نعیم گلشن رینہ نے خبر دی ہے کہ نائب صدر شری ماتا ویشنو دیوی استھاپن اور ریاسی ضلعے میں بھیرو مندر میں بھی حاضری دیں گے۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور سماجی انصاف کے مرکزی وزیر ڈاکٹر وریندر کمار نے 11 روزہ دِویا کلا میلہ کا افتتاح کیا۔ میلے کا مقصد جسمانی طور خاص افراد کو معاشی طور بااختیار بنانا ہے۔

اپنے خطاب میں ، لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ دیویا کلا میلہ وزیر اعظم کے دیویانگجن کو معاشی طور پر بااختیار اور خود انحصار کرنے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ جسمانی طور خاص افراد کی زندگیوں میں استحکام لانے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے ، لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ جموں کشمیر کا مرکزی علاقہ مساوی مواقع فراہم کرنے اور دیویانگجن کے حقوق کے تحفظ کے لئے ایک سازگار ماحول پیدا کرنے کے لئے پرعزم ہے۔

بجٹ کیلنڈر

جموں و کشمیر میں اسمبلی کے سکریٹریٹ نے 3 مارچ سے شروع ہونے والے یو ٹی کی قانون ساز اسمبلی کے دوسرے اجلاس کے لئے کیلنڈر جاری کیا ہے ۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نے بتایا ہے کہ سات برس میں پہلی بار ، ایک منتخب حکومت اسمبلی اجلاس کے دوران بجٹ پیش کرے گی۔ بجٹ 7 مارچ کو پیش کیا جائے گا ۔

اسمبلی اسپیکر عبد الرحیم راتھر کی طرف سے جاری کردہ ایک دستاویز کے مطابق ، اسمبلی اجلاس 3 مارچ کو لیفٹیننٹ گورنر کے خطاب سے شروع ہوگا۔ چار مارچ سے 6 مارچ تک ایل جی کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر بحث ہوگی۔

7 مارچ کو ، سالانہ مالی بجٹ 2025-26 اور اضافی اخراجات کا سٹیٹمنٹ پیش کیا جائے گا۔ 8 سے 11 مارچ تک ، بجٹ پر بحث ہوگی جبکہ 12 سے 25 مارچ تک ، اجلاس گرانٹ کے مطالبات پر بحث ہوگی۔ اجلاس 11 اپریل کو اختتام پذیر ہوگا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے بجٹ سے قبل مشاورت جاری رکھتے ہوئے سول سیکرٹریٹ جموں میں پونچھ اور راجوری اضلاع کے قانون ساز اسمبلی اور ڈی ڈی سی ممبران کے علاوہ دیگر عوامی نمائندوں کے ساتھ بات کی ۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس مشاورت کا مقصد منتخب نمائندوں کے توسط سے عوامی ترجیحات اور امنگوں کو بجٹ ترتیب دیتے وقت ملحوظ نظر رکھنا ہے ۔

قومی کھیل

38 ویں قومی کھیل کل ہلدوانی اتر کھنڈ میں ایک شایانِ شان تقریب کے ساتھ ہی اختتام پذیر ہوئے ۔ اس موقعہ پر وزیر داخلہ امت شاہ خاص مہمان کی حیثیت سے موجود تھے جنہوں نے اتراکھنڈ حکومت کو کھیلوں کے کامیاب انعقاد پر مبارک باد دی ۔

امت شاہ نے سال 2036 میں اولمپک کھیلوں کی میزبانی کرنے کے بھارت کے عزم کا اعادہ کیا ۔

گلمرگ

عالمی شہرت یافتہ سیاحتی مقام گلمرگ میں جموں کشمیر سپورٹس کونسل کی طرف سے منعقدہ Freeride مقابلوں میں امریکہ ، برطانیہ ، آسٹریلیا ، نیو زی لینڈ ، فرانس ، جاپان ، ہانگ کانگ ، روس اور نیپال کے Skiers نے حصہ لیا ۔ اس حوالے سے یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس محکمہ کے کمشنر سیکریٹری سرمد حفیظ نے آکاشوانی کے شعبہ خبر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔

عمر عبداللہ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ عوامی خدمت میں ایمانداری شفافیت اور لگن کی اہمیت ناگزیر ہے ۔ اسلئے حکومت اور عوام کے درمیان خلیج کو کم کرنے کی اشد ضرورت ہے ۔ عمر جموں میں نو منتخب پنچایت سیکریٹریوں کو تقرری نامے تقسیم کرنے کے بعد SKUAST عبداللہ ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے ۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے شوپیان ضلع میں سڑک روابط اور باغبانی شعبے میں عملائے جا رہے پروجیکٹوں کی تیز تر عمل آوری پر زور دیا ہے ۔ موصوف منی سیکریٹریٹ شوپیان میں ضلع میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کی عمل اوری پر ہوئی پیش رفت کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے ۔

ستیش شرما

سائنس اور ٹکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کٹرہ میں بایوسائنس اور کیمیائی ٹکنالوجی میں ابھرتے ہوئے رجحانات کے بارے میں تیسری بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کی۔

انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سائنس اور ٹیکنالوجی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کے لئے لازمی ہے جس سے کھانے کی حفاظت ،صحت ،بیماریوں اور منشیات کی روکتھام اور زرعی شعبے میں بہتری ممکن ہو سکتی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1 اعشاریہ 7 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10 اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ